**04.11.2024**
**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم
Music

.........................................................................

☆ بھارت نے علاحدگی پسندوں کے ذریعے کناڈا میں ایک ہندو مندر پر حملے کی مذمت کی ہے۔
☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارتی سفارتکاروں کو ڈرانے دھمکانے کی بزدلانہ کوششیں ہولناک ہیں۔ انھوں نے کناڈا کی سرکار پر انصاف اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔
☆ جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے انتخابی مہم زوروں پر ہے۔ سینئر BJP لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی نے Garhwa اور Chaibasa میں ریلیاں کیں۔
☆ انتخابی کمیشن نے کیرالہ، پنجاب اور اترپردیش میں 14 نشستوں پر اسمبلی ضمنی انتخابات کی پولنگ کی تاریخ کو تبدیل کرکے 20 نومبر کردیا ہے۔
☆ پی ایم وِشوکرما اسکیم میں، اِس کے آغاز کے ایک سال میں، ڈھائی کروڑ سے زیادہ درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔
☆ امریکی صدارتی انتخاب کیلئے کل اہم ووٹنگ سے قبل انتخابی مہم، حتمی مرحلے میں پہنچ گئی ہے۔

.........................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

***Canada Disrnpture***

بھارت نے کل کنیڈا کے شہر Ontario میں Brampton کے مقام پر ایک ہندو مندر پر انتہا پسندوں اور علاحدگی پسندوں کے حملے کی مذمت کی ہے۔ بھارت نے کنیڈا میں بھارتی شہریوں کی حفاظت اور سلامتی کے بارے میں گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔

***PM - Canada Attack***

وزیر اعظم نریندر مودی نے کینیڈا میں ایک ہندو مندر پر دانستہ طور پر کئے گئے حملے کی سخت مذمت کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کے سفارت کاروں کو ڈرانے دھمکانے کی بزدلانہ کوششیں، اتنی ہی حولناک ہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ تشدد کی ان حرکتوں سے ملک کا عزم کبھی کمزور نہیں ہوگا۔ جناب مودی

نے کینیڈا کی حکومت پر زور دیا کہ وہ انصاف کو یقینی بنائے اور قانون کی بالادستی کو سربلند رکھے۔ کینیڈا کے ساتھ تنازعہ شروع ہونے کے بعد سے، وزیر اعظم کا یہ پہلا بیان ہے۔ x

## PM Jharkhand

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات اور مہاراشٹر میں واحد مرحلے کے انتخابات کیلئے انتخابی مہم زور پکڑ رہی ہے۔ تمام سیاسی پارٹیوں کے لیڈر رائے دہندگان کو راغب کرنے کیلئے ریلیاں اور روڈ شو کرنے میں مصروف ہیں۔ سینئر BJP لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج Garhwa کے چیتنا میدان اور Chaibasa میں انتخابی میٹنگوں سے خطاب کیا۔ Chaibasa میں اپنی وجئے سنکلپ سبھا میں، جناب مودی نے کہا کہ مرکزی حکومت نے ریاست بھر میں آدی واسیوں کو بااختیار بنایا ہے لیکن ہیمنت سورین کی قیادت والی سرکار نے اُن کا استحصال کیا ہے۔ وزیر اعظم نے بنگلہ دیشی دراندازوں کی مبینہ طور پر مدد کرنے کیلئے جھارکھنڈ میں JMM کی قیادت والے اتحاد کی نکتہ چینی کی۔ جناب مودی نے کہا کہ جھارکھنڈ میں خوشنودی کی سیاست اپنے عروج پر پہنچ گئی ہے اور اگر یہ جاری رہتی ہے تو یہ قبائلی معاشرے اور ملک، دونوں کیلئے ایک خطرہ ہوگی۔آئی این ڈی آئی اے بلاک کے لیڈر بھی اپنے پارٹی امیدواروں کے حق میں ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے ریاست بھر میں ریلیوں سے خطاب کر رہے ہیں۔ Simdega میں ایک ریلی میں سینئر JMM لیڈر اور وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین نے الزام لگایا کہ اپوزیشن کی سازش کی وجہ سے اُن کی سرکار کی مدت پوری نہیں ہوئی تھی۔ دوسری جانب کانگریس کے ترجمان سپریا Shrinate نے BJP پر لوگوں کو ترقی کے نام پر گمراہ کرنے کا الزام لگایا۔ RJD اور بائیں بازو کی پارٹیوں کے لیڈروں نے بھی انتخابی میٹنگوں سے خطاب کریں گے۔x

## ECI Bypolls Date

انتخابی کمیشن نے کیرالہ، پنجاب اور اترپردیش کے 14 اسمبلی حلقوں میں ضمنی انتخابات کی تاریخ تبدیل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اب اِن حلقوں میں 13 کی بجائے اِس مہینے کی 20 تاریخ کو پولنگ ہوگی۔ اِن 14 حلقوں میں، کیرالہ میں Palakkad، پنجاب میں ڈیرا بابا نانک، Chabbewal، Gidderbaha، برنالا اور اترپردیش میں میراپور، Kundarki، غازی آباد، Khair، Karhal، Sishamau، پھول پور، Katehari اور Majhawan شامل ہیں۔ ووٹوں کی گنتی کی تاریخ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے اور یہ 23 نومبر کو ہی ہوگی۔ یہ فیصلہ، BJP، کانگریس، BSP اور بہت سی سماجی تنظیموں سمیت مختلف سیاسی پارٹیوں سے کمیشن کے ذریعے موصول نمائندگیوں کے تناظر میں کیا گیا ہے۔انھوں نے اِس مہینے کی 13 تاریخ کو بڑے پیمانے پر سماجی، ثقافتی اور مذہبی سرگرمیوں کے باعث پولنگ کی تاریخ میں تبدیلی کا مطالبہ کیا تھا۔x

## J&K Assembly

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر کی نئی تشکیل شدہ اسمبلی کا پہلا اجلاس آج سری نگر میں شروع ہوگیا ہے۔

یہ اجلاس پانچ دن تک جاری رہے گا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا کہ عوام اب کئی امیدوں اور امنگوں کے ساتھ سرکار کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ جناب سنہا نے بتایا کہ ریاست کے درجے کے بحال کرنے کی امنگیں پوری طرح مستحکم ہیں اور یہ کہ وزیراعظم نریندر مودی نے کئی موقعوں پر ریاست کا درجہ بحال کرنے کے اپنے وعدے کا اظہار کیا ہے۔ اِدھر نیشنل کانفرنس کے لیڈر عبدالرحیم راتھر کو اتفاقِ رائے سے اسمبلی کا اسپیکر منتخب کیا گیا۔ اسپیکر نے قانون سازوں پر زور دیا کہ وہ اِس اجلاس کو اُن معاملات پر توجہ مرکوز کرکے نتیجہ خیز اور بامقصد بنائیں جو عوام الناس کے معاملات کو حل کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

اِس سے قبل ایوان میں شور شرابے کا ماحول دیکھنے میں آیا کیونکہ بھارتیہ جنتا پارٹی کے قانون سازوں نے اُس تحریری قرارداد کے خلاف سخت احتجاج کیا جسے پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کے MLA کے ذریعے پیش کیا گیا تھا، جس میں دفعہ 370 کو منسوخ کرنے کی مخالفت کی گئی تھی۔x

## Uttarakhand Accident

اتراکھنڈ میں الموڑہ ضلع کے Sult علاقے میں آج صبح Kupi مقام پر ایک بس کے کھائی میں گرنے کے حادثے میں 36 افراد ہلاک اور 27 دیگر زخمی ہوگئے۔

مزید تفصیل ہماری نامہ نگار سے ...

VC - Sakshi Singh

آج صبح اتراکھنڈ کے الموڑہ ضلع میں ایک بس حادثے میں 36 افراد جاں بحق اور 27 دیگر زخمی ہوگئے۔ ریاست کے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے کُماؤں ڈویژنل مجسٹریٹ کو، اس حادثے کی مجسٹریل انکوائری کرانے کی ہدایت جاری کی ہے۔ آفات سے نمٹنے کے بندوبست کے الموڑہ ضلع افسر وِنیت پول نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ ایک بات چیت میں اس بس حادثے کے بارے میں بتایا۔

SB - 2 - Vineet Paul

وزیر اعظم کے دفتر نے وزیر اعظم کے قومی راحت فنڈ سے مرنے والوں کے لواحقین کو 2 - 2 لاکھ روپے اور زخمیوں کو 50 - 50 ہزار روپے کی مالی امداد کا اعلان کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے ہلاک ہونے والے ہر ایک فرد کے کنبے کو 4 لاکھ روپے اور ہر ایک زخمی کو ایک لاکھ روپے کی مالی مدد کا اعلان کیا ہے۔ اس دوران وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی ، گڑھوال کے ایم پی انل بلونی اور صحت کے وزیر ڈاکٹر دھن سنگھ راوت نے رِشی کیش کے ایمس میں زخمیوں سے ملاقات کی۔ وزیرِ اعلیٰ نے سبھی زخمیوں کے بہتر علاج کیلئے ہدایات دی ہیں۔

دہرہ دون سے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب

## Nagaland New District

Pochury ناگا قبائل کی آبادی والے Meluri کو باضابطہ طور پر ناگالینڈ کا 17واں ضلع بنایا گیا ہے۔ ریاستی سرکار نے Meluri سب ڈویژن کو، جو کہ اِس وقت Phek ضلع کا حصہ ہے، ایک مکمل ضلع کی حیثیت دے

دی ہے، جو فوری طور پر لاگو ہوگی۔ 2 نومبر کو چیف سکریٹری ڈاکٹر جے عالم کے ذریعے جاری ایک سرکاری نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ نوتشکیل شدہ ضلعے کے دائرۂ اختیار کے تحت وہ علاقہ ہوگا جو اِس سے قبل Meluri سب ڈویژن کے طور پر بنایا گیا تھا۔ اس اقدام کا مقصد خطے میں حکمرانی اور ترقی کو فروغ دینا ہے۔ اِس فیصلے کو یکم اکتوبر کو کابینہ کی منظوری حاصل ہوئی تھی۔x

## Karnatak Byelection Campaign

کرناٹک کے نائب وزیر اعلیٰ ڈی کے شیوکمار نے کہا ہے کہ Channapatna کے عوام، ریاستی سرکار کی کارکردگی کی بنیاد پر اپنا ووٹ دیں گے۔ Channapatna میں ایک انتخابی مہم کے آغاز سے قبل آج بینگلورو میں میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے جناب شیوکمار نے کہا کہ عوام اُن کے ذریعے اور اُن کے امیدوار CP یوگیشور، کے ساتھ ساتھ اُن کے مخالف مرکزی وزیر ایس ڈی کماراسوامی اور اُن کے صاحبزادے نِتن کماراسوامی کے کام کے بارے میں بھی معلومات رکھتے ہیں جو کہ Channapatna کے ضمنی انتخابات میں امیدوار ہیں۔ انتخابی مہم کے دوران، آج Channapatna میں میڈیا کے افراد سے خطاب کرتے ہوئے ایس ڈی کماراسوامی نے کہا کہ نِتن NDA کے امیدوار ہیں اور Channapatna کے رائے دہندگان نے اِس سے قبل انہیں کامیابی سے ہمکنار کیا تھا اور اِس ضمنی انتخابات میں بھی وہ اپنا ووٹ انہیں دیں گے۔ ریاست میں تین مقامات پر ضمنی انتخابات ہو رہے ہیں جن میں Sandur، Shiggaon اور Channapatna شامل ہے۔ یہاں 13 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔x

## PM Vishwakarma

حکومت نے آج بتایا کہ پی ایم وِشوکرما اسکیم کے تحت اِس کے آغاز کے بعد سے ڈھائی کروڑ سے زیادہ درخواستیں جمع کی گئی ہیں۔ اِن میں سے 20 لاکھ درخواست کنندگان نے تین سطحی تصدیقی عمل کے ذریعے کامیابی کے ساتھ اندراج کیا ہے۔ انتہائی چھوٹی، چھوٹی اور درمیانی درجے کی صنعتوں کی وزارت نے کہا ہے کہ اسکیم نے، جسے بھارت بھر میں کاریگروں اور دستکاروں کو بااختیار بنانے کے مقصد کے ساتھ گذشتہ سال ستمبر میں شروع کیا گیا تھا، نمایاں دلچسپی پیدا کی ہے۔ تقریباً 10 لاکھ رجسٹرڈ کاریگروں نے اِن ای-واؤچرس کے ذریعے 15 ہزار روپئے تک کی ٹول کِٹ ترغیبات سے استفادہ کیا ہے جس نے انھیں ایسے جدید ٹولز حاصل کرنے کے قابل بنایا ہے جو اُن کی دستکاری اور کاریگری میں اضافہ کرتے ہیں۔

وزارت نے کہا کہ پی ایم وِشوکرما اسکیم، روایتی کاریگری کو از سر نو مستحکم کرنے اور اُن کاریگروں کو مدد فراہم کرنے کے حکومت کے عزم کی ایک مثال ہے جو ملک کے ثقافتی تنوع اور وِرثے کو دوام بخشتے ہیں۔x

## Jaishankar Queensland

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج آسٹریلیا کے برسبین میں بھارت کے نئے قونصلر جنرل کا باضابطہ طور پر افتتاح کیا۔ اِس موقع پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ یہ قونصل خانہ کوئنس لینڈ کے ساتھ بھارت کے تعلقات کو مستحکم

کرے گا، جس سے تجارت، تعلیمی رابطوں اور وہاں آباد بھارتی برادری کو سہولیات کے سلسلے میں فروغ حاصل ہوگا۔ انہوں نے قونصلر جنرل کا افتتاح کئے جانے کو بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان بڑھتے ہوئے مضبوط باہمی رشتوں میں ایک تاریخی سنگ میل قرار دیا۔ وزیر موصوف نے کوئنس لینڈ کی گورنر ڈاکٹر Jeannette Young سے بھی ملاقات کی۔ میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے بھارت اور کوئنس لینڈ کے درمیان اقتصادی، تجارتی اور وسرمایہ کاری کے امکانات کو مستحکم کرنے کے مواقع اور طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔x

### MIG Crash

بھارتی فضائیہ کا ایک MIG-29 طیارہ آگرہ کے نزدیک گر کر تباہ ہوگیا۔ بھارتی فضائیہ کے مطابق جہاز کے نظام میں گڑبڑ ہونے کے بعد یہ واقعہ ایک معمول کی تربیتی پرواز کے دوران پیش آیا۔ پائلٹ نے جہاز سے نکلنے سے قبل اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے جہاز کو قابو میں رکھا کہ جان ومال کا کوئی نقصان نہ ہو۔ بھارتی فضائیہ نے حادثے کی وجہ جاننے کیلئے ایک انکوائری کا حکم دیا ہے۔x

### Israel Strikes

لبنان پر اسرائیل کے ایک فضائی حملے میں حزب اللہ کا ایک اعلیٰ کمانڈر ابو علی رِدا ہلاک ہوگیا۔ اسرائیل کی دفاعی افواج IDF کے مطابق Rida کو جنوبی لبنان کے Baraachit علاقے کے نزدیک فضائی حملوں میں نشانہ بنایا گیا تھا۔ IDF کے مطابق Rida اسرائیلی افواج پر راکٹ اور ٹینک شکن میزائل حملوں کو انجام دینے اور خطے میں مسلح گروپ حزب اللہ کی سرگرمیوں کا جائزہ لینے میں کلیدی اہمیت کا حامل تھا۔ لبنانی فوجی ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فضائی حملوں میں حزب اللہ کے اعلیٰ کمانڈر سمیت 13 افراد ہلاک ہوئے۔ اسرائیلی دفاعی افواج کے مطابق حزب اللہ نے جوابی حملہ کرتے ہوئے شمالی اسرائیل پر تقریباً ساٹھ Projectile داغے۔ x

### MP Elephants

مدھیہ پردیش سرکار نے حال ہی میں Umaria ضلع کے Bandhavgarh ٹائیگر ریزور علاقے میں 10 جنگلی ہاتھیوں کی موت کے بعد، فیلڈ ڈائریکٹر اور ACF کو معطل کردیا ہے۔ Bandhavgarh ٹائیگر ریزور میں جنگلی ہاتھیوں کے ایک گروپ میں سے دس ہاتھی گذشتہ چند دنوں میں یکے بعد دیگرے مشتبہ طور پر فوت ہوگئے تھے۔ ریاست کے جنگلات کے وزیر Dilip Ahirwar سمیت سینئر حکام کی ایک ٹیم نے علاقے کا دورہ کیا ہے۔ ابتدائی رپورٹ میں کسی طرح کے جراثیم کش اثرات نہیں ملے ہیں اور پوسٹ مارٹم کی تفصیلی رپورٹ ابھی آنا باقی ہے۔ وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے Umaria سے واپس آنے والی اعلیٰ سطحی ٹیم سے ہاتھیوں کی موت سے متعلق تفصیلی معلومات وصول کیں۔

ڈاکٹر یادو نے کہا کہ ریاست میں ایک ریاستی سطح کی Elephant ٹاسک فورس قائم کی جائے گی۔ ہاتھیوں کے دوست یا ہاتھی متروں کو بھی، ہاتھی اور انسانوں کے درمیان بقائے باہم کو یقینی بنانے کیلئے تعینات کیا جائے گا۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے کل کیلئے کیرالہ کے مختلف حصوں ، ماہے ، آسام ، میگھالیہ ، ناگالینڈ ، منی پور ، میزورم اور تری پورہ میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے اوسط درجے کی بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات کے مطابق کل انڈمان ونکوبار جزائر میں تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمۂ موسمیات نے کل مشرقی اترپردیش، بہار، مغربی بنگال میں اوسط درجے سے زیادہ کہرے کی پیشگوئی کی ہے۔ دلّی اور قومی راجدھانی خطہ میں کل صبح دھند پڑنے کی امکان ہے۔ x

## US Election

امریکہ میں 47ویں صدر کے انتخاب کیلئے کل ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِس چناؤ میں ری پبلکن امیدوار ڈونالڈ ٹرمپ اور ڈیموکریٹک لیڈر اور نائب صدر کملا ہیرس کے درمیان سخت مقابلہ ہے۔ یہ امید کی جارہی ہے کہ گزشتہ کئی دہائیوں میں صدر کے عہدے کیلئے یہ سب سے قریبی مقابلوں میں سے ایک چناؤ ہوگا۔ دونوں امیدواروں نے رائے دہندگان کو راغب کرنے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے۔

آج انتخابی مہم کے آخری دن، دونوں صدارتی امیدوار، اہمیت کی حامل Pennsylvania اور مِشی گَن ریاستوں پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، ریلیاں کررہے ہیں۔ کملا ہیرس، Allentown ، Pittsburg اور Pennsylvania میں فِلاڈیلفیا شہروں میں ریلیاں کررہے ہیں۔

دوسری جانب ڈونلڈ ٹرمپ، Pennsylvania اور مِشی گَن جانے سے پہلے، نارتھ کیرو لینا میں ریلیاں کریں گے۔ بہت سے لوگوں نے پوسٹل ووٹنگ سسٹم کا استعمال کرتے ہوئے، مقررہ وقت سے پہلے ہی اپنے حق رائے دہی کا استعمال کرلیا ہے۔

یونیورسٹی آف فلوریڈا کے الیکشن لیب کے مطابق، 7 کروڑ 80 لاکھ سے زیادہ امریکی ووٹرس پہلے ہی اپنا ووٹ ڈال چکے ہیں۔

امریکہ میں رائے عامہ کے ووٹ کے ذریعہ صدر کا انتخاب نہیں کیا جاتا بلکہ وہاں دنیا کی قدیم ترین جدید جمہوریت کی سب سے زیادہ منفرد خصوصیات میں سے ایک بالواسطہ انتخابی نظام کے ذریعے صدر کو منتخب کیا جاتا ہے، جسے الیکٹورل کالج کہا جاتا ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆